© rasailojaraid.com



# مجلس احرار اسلام کی رکنیت سازی مہم

## مقامی مجالس کے انتخابات فوراً مکمل کر کے مرکز کو ارسال کریں

مجلس احرارِ اسلام کے تمام اراکین و معاونین اور ماتحت شاخوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مجلس کی رکنیت سازی کی مہم گزشتہ چار ماہ سے جاری ہے۔ تمام ماتحت مجالس ۳۰ نومبر ۱۹۹۴ء تک نئی رکنیت سازی اور مقامی انتخابات مکمل کر کے مرکزی دفتر ارسال کریں۔ فارم رکنیت اور دستور جماعت کی کاپیاں مطلوب ہوں تو مرکزی دفتر دار بنی ہاشم ملتان سے طلب فرمائیں۔ ذیل میں چند انتخابات شائع کئے جا رہے ہیں۔ آئندہ شماروں میں بھی موصول ہونے والے انتخابات مسلسل شائع کئے جائیں گے۔ (مرکزی ناظم نشر و اشاعت)

## انتخاب مجلس احرار اسلام بستی پروچڑاں شریف تحصیل خان پور

مجلس احرار اسلام بستی پروچڑاں شریف تحصیل خان پور کا انتخابی اجلاس زیرِ صدارت قاری محمد یوسف صاحب منعقد ہوا۔ جس میں اتفاقِ رائے سے درج ذیل عہدیدار منتخب ہوئے۔

صدر:۔ علامہ محمد اسماعیل مجاھد — ناظم:۔ عبدالغفار پروچڑی

ناظم نشریات:۔ محمد زاھد مدنی — ضلعی نمائندہ:۔ محمد یعقوب

مرکزی نمائندہ:۔ عبدالغفار پروچڑی صاحب

اراکینِ شوریٰ:۔ علامہ محمد اسماعیل مجاھد، محمد زاھد مدنی، عبدالغفار، محمد یعقوب، محمد افضل، محمد اسحٰق، محمد زبیر صدیقی، محمد عابد، عبدالوھاب، عبدالجبار، حافظ امجد تبسم

اجلاس کے آخر میں ابنِ امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ کی قیادت پر مکمل اعتماد کرتے ہوئے جماعت کی ترقی و استحکام کے لئے مزید محنت کرنے، ماہنامہ نقیبِ ختمِ نبوت کی اشاعت کو بڑھانے اور جماعتی لٹریچر عام کرنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

## مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کا انتخاب

مجلس احرارِ اسلام تلہ گنگ کے اراکین کا انتخابی اجلاس جناب رفیق غلام ربانی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں درج ذیل عہدیداروں کا انتخاب عمل میں آیا۔

صدر:۔ رفیق غلام ربانی صاحب — نائب:۔ ملک محمد صدیق صاحب

ناظم:۔ عبدالرزاق امجد — ناظم نشریات:۔ محمد عمر فاروق

ارکان مقامی شوریٰ:۔ جناب رفیق غلام ربانی، جناب ملک محمد صدیق، عبدالرزاق امجد، محمد عمر فاروق، غلام یٰسین صاحب، فہیم اصغر، محمد نواز، محمد اشفاق۔ مرکزی نمائندہ: محمد عمر فاروق۔

© rasailojaraid.com